دُرُودِتَاج

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

اللہ کے نام سے شروع جو بہت رحمت والا ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ

الٰہی ہمارے آقا مولیٰ محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما۔

صَاحِبِ التَّاجِ وَالْمِعْرَاجِ وَالْبُرَاقِ وَالْعَلَمْ ط

جو صاحب تاج و معراج اور براق والے جھنڈے والے ہیں۔

دَافِعِ الْبَلَآءِ وَالْوَبَآءِ وَالْقَحْطِ وَالْمَرَضِ

جن کے وسیلے سے بلا ،وباء ، قحط ، مرض اور دکھ

وَالْاَلَمِ ط اِسْمُہٗ مَکْتُوْبٌ مَّرْفُوْعٌ مَّشْفُوْعٌ

دور ہوتا ہے آپ ﷺ کا نام نامی لکھا گیا بلند کیا گیا قبول

مَّنْقُوْشٌ فِی اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ ط سَیِّدِ الْعَرَبِ

شفاعت کیا گیا اور لوح و قلم میں کھدا ہوا ہے آپ ﷺ عرب

وَالْعَجَمِ ط جِسْمُہٗ مُقَدَّسٌ مُّعَطَّرٌ مُّطَھَّرٌ

و عجم کے سردار ہیں۔ آپ ﷺ کا جسم نہایت مقدس خوشبودار پاکیزہ

مُّنَوَّرٌ فِی الْبَیْتِ وَالْحَرَمِ ط شَمْسِ الضُّحٰی

اور خانہ کعبہ و حرم پاک میں منور ہے۔ آپ ﷺ چاشت گاہ کے آفتاب اندھیری

بَدْرِ الدُّجٰی صَدْرِ الْعُلٰی نُوْرِ الْھُدٰی

رات کے مہتاب بلندیوں کے صدر نشین ، راہ ہدایت کے نور،

کَھْفِ الْوَرٰی مِصْبَاحِ الظُّلَمِ ط جَمِیْلِ الشِّیَمِ ط

مخلوقات کی جائے پناہ اندھیروں کے چراغ نیک اطوار کے مالک

شَفِیْعِ الْاُمَمِ ط صَاحِبِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ ط

اُمتوں کے بخشوانے والے بخشش و کرم سے موصوف ہیں اللہ

وَاللّٰہُ عَاصِمُہٗ وَجِبْرِیْلُ خَادِمُہٗ وَالْبُرَاقُ

نگہبان جبریلؑ آپ ﷺ کے خدمت گار براق آپ ﷺ کی

مَرْکَبُہٗ وَالْمِعْرَاجُ سَفَرُہٗ وَسِدْرَۃُ الْمُنْتَھٰی

سواری معراج آپ ﷺ کا سفر، سدرۃ المنتہیٰ آپ ﷺ کا مقام اور

مَقَامُہٗ وَقَابَ قَوْسَیْنِ مَطْلُوْبُہٗ وَالْمَطْلُوْبُ

(قرب خداوندی میں) قاب قوسین کا مرتبہ آپ ﷺ کا مطلوب ہے اور مطلوب ہی آپ

مَقْصُوْدُہٗ وَالْمَقْصُوْدُ مَوْجُوْدُہٗ سَیِّدِ

ﷺ کا مقصود ہے اور آپ ﷺ کو حاصل ہے آپ ﷺ

الْمُرْسَلِیْنَ خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ شَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ

رسولوں کے سردار نبیوں میں سب سے پیچھے آنے والے گنہگاروں کے

اَنِیْسِ الْغَرِیْبِیْنَ رَحْمَۃٍ لِّلْعٰلَمِیْنَ رَاحَۃِ

بخشوانے والے مسافروں کے غمخوار دنیا جہان کے لئے رحمت عاشقوں کی

الْعَاشِقِيْنَ مُرَادِ الْمُشْتَاقِيْنَ شَمْسِ الْعَارِفِيْنَ

راحت مشتاقوں کی مراد خدا شناسوں کے آفتاب

سِرَاجِ السّٰلِكِيْنَ مِصْبَاحِ الْمُقَرَّبِيْنَ مُحِبِّ

راہ خدا پر چلنے والوں کے چراغ مقربوں کے رہنما

الْفُقَرَآءِ وَالْغُرَبَآءِ وَالْمَسٰكِيْنِ سَيِّدِ الثَّقَلَيْنِ نَبِيِّ

محتاجوں غریبوں اور مسکینوں سے محبت رکھنے والے جن و انس کے سردار

الْحَرَمَيْنِ اِمَامِ الْقِبْلَتَيْنِ وَسِيْلَتِنَا فِى الدَّارَيْنِ

حرمین کے نبی دونوں قبلوں (بیت المقدس و کعبہ) کے پیشوا اور دنیا و آخرت میں

صَاحِبِ قَابَ قَوْسَيْنِ مَحْبُوْبِ رَبِّ الْمَشْرِقَيْنِ

ہمارے وسیلہ ہیں وہ جو مرتبہ قاب قوسین پر فائز ہیں دونوں مشرقوں

وَرَبِّ الْمَغْرِبَيْنِ جَدِّ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ

اور دونوں مغربوں کے رب کے محبوب ہیں حضرت امام حسنؓ اور حضرت امام حسینؓ

مَوْلٰنَا وَمَوْلَى الثَّقَلَيْنِ اَبِى الْقَاسِمِ مُحَمَّدِ بْنِ

کے جد امجد اور ہمارے اور (تمام) جن و انس کے آقا ہیں یعنی ابی القاسم محمد بن

عَبْدِ اللّٰهِ نُوْرٍ مِّنْ نُّوْرِ اللّٰهِ يٰۤاَيُّهَا الْمُشْتَاقُوْنَ بِنُوْرِ

عبداللہ جو اللہ کے نور میں سے ایک نور ہیں اے نور جمال محمدی کے مشتاقو

جَمَالِهٖ صَلُّوْا عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا

آپ ﷺ پر اور آپ ﷺ کی آل اور آپ ﷺ کے صحابہ پر درود و سلام بھیجو جو بھیجنے کا حق ہے

فضائل درود تاج

درود تاج بے پناہ فضائل و برکات کا حامل ہے اور یہ محبانِ رسول ﷺ کا آزمودہ وظیفہ ہے۔ بے شمار صوفیائے کرام اور اولیاء اللہ نے یہ درود پاک خود بھی پڑھا اور دوسروں کو بھی اس کی تعلیم دی۔ جو شخص اس درود پاک کو روزانہ کم از کم ایک مرتبہ پڑھتا ہو اس کا دل گناہوں سے پاکیزہ ہو جاتا ہے۔ اس کے علاوہ اگر کوئی شخص آپ ﷺ کی زیارت کا خواہشمند ہو تو وہ اسے شب جمعہ میں ۱۷۰ مرتبہ پڑھے۔ چالیس جمعہ تک یہی عمل جاری رکھے۔ آسیب اور شیاطین کے تنگ کرنے کی صورت میں اس درود پاک کو ۱۱ مرتبہ پڑھیں۔ ان شاء اللہ آسیب یا جن وغیرہ ہوا تو دفع ہو جائے گا۔ اضافہ رزق کے لئے بعد از نماز فجر ۷ مرتبہ روزانہ وظیفے کے طور پر پڑھنے سے رزق میں اضافے کا سبب بنتا ہے۔ الغرض کسی بھی قسم کی پریشانی سے نجات کے لئے درود تاج کا ورد نہایت فائدہ مند ہے۔ نیز اگر کسی شخص کی عورت بانجھ ہو تو وہ درود تاج کو ۷ مرتبہ پڑھ کر ۲۱ خرموں پر دم کر کے ہر روز ایک خرما عورت کو کھلائے اور پھر اس سے ہمبستر ہو خدا کے فضل سے صالح فرزند پیدا ہوگا۔ اور اگر حاملہ عورت کو کچھ خلل ہو تو سات دن تک سات مرتبہ حسب الحکم پانی پر دم کر کے پلانے سے خدا کے فضل سے خیر ہوگی۔

ان شاء اللہ عزوجل

پبلشرز: داؤد بک ڈپو کراچی

Contact: 0300-4213841, 0300-8627842